© rasailojaraid.com



# نقد و نظر

## جواہر الفقہ ۔ جلد دوم

مولانا مفتی محمد شفیع صاحب

ناشر : مکتبہ دار العلوم کراچی

ملنے کے پتے : مکتبہ دار العلوم ۔ ڈاک خانہ دار العلوم ۔ کراچی ۱۴ ۔

۲ ۔ ادارہ اسلامیات ۔ ۱۹۰ انارکلی ۔ لاہور

۳ ۔ دار الاشاعت، مقابل مولوی مسافر خانہ ۔ کراچی ۱

صفحات ۵۰۸ ۔ قیمت پچیس روپے

حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب کی ذات گرامی کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ وہ پاکستان اور ہندوستان کی معروف علمی شخصیت ہیں اور سالہا سال تک دار العلوم دیوبند کی مسند تدریس اور منصب افتا پر فائز رہے ۔ وہ علوم عقلیہ و نقلیہ میں مہارت رکھتے ہیں۔ فتویٰ نویسی میں ان کا مرتبہ بڑا بلند ہے۔ اس سلسلے میں ان کی کتاب فقہ الجواہر کی پہلی جلد شائع ہو کر شہرت حاصل کر چکی ہے ۔ اس کی دوسری جلد بھی اشاعت پذیر ہو گئی ہے جو متنوع چالیس علمی مسائل کا قابل مطالعہ مجموعہ ہے ۔ اس میں متعدد اہم اور ضروری مباحث پر داد تحقیق دی گئی ہے ۔ مثلاً عائلی قوانین، نابالغہ کے نکاح میں سوء اختیار، اسلام اور نسبی امتیاز مختلف مذاہب میں زوجین کے احکام، علم نبوی کی تحقیق، اسلام میں مرتد کی سزا، شریعت اسلامی میں غیر مسلموں کے ساتھ معاملات، ملکی سیاسیات میں غیر مسلموں کے ساتھ اشتراک عمل کی حدود شرعیہ، عشر و خراج کے احکام، انتخابات میں ووٹ، ووٹر اور امیدوار کی شرعی حیثیت، قانون اسلامی بابت پٹہ داری، زمیندارہ بل، حق تصنیف اور حق ایجاد کی شرعی حیثیت، قمار بازی، اسلامی ذبیحہ، یتیم پوتے کی میراث، گھوڑ دوڑ کے بارے میں شرعی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



احکام وغیرہ - کتاب کے یہ چند موٹے موٹے عنوان ہیں - پھر ان میں ضمنی عنوانات دیے گئے ہیں - جیسا کہ عنوانات سے ظاہر ہے، اس میں ایسے مسائل پر فقہی حیثیت سے بحث کی گئی ہے، جو موجودہ دور میں پیش آتے ہیں اور لوگوں کو ان کے بارے میں شریعت کی روشنی میں معلومات بہم پہنچانے کی شدید ضرورت ہے -

کتاب اپنے موضوع میں بڑی اہمیت کی حامل ہے - اس سے استفادہ کرنا چاہیے -

کتابت، طباعت، کاغذ، جلد اور سرورق عمدہ -

## بچوں کے لیے قرآن

مصنف : ڈاکٹر عبد الرؤف

ناشر : فیروز سنز - لاہور

صفحات : ۱۶۰ - کتابت، طباعت، کاغذ، سرورق بہترین -

قیمت : پانچ روپے پچاس پیسے -

بچوں کے لیے یہ ایک نہایت مفید کتاب ہے - اس میں ایسی بہت سی آیات مع ترجمہ کے درج کی گئی ہیں، جن میں بچوں کی اخلاقی اور ذہنی تربیت کا وافر سامان پایا جاتا ہے - ڈاکٹر عبد الرؤف کو اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے کہ انھوں نے یہ بہترین خدمت انجام دی - اس کتاب کا انداز ایسا عمدہ ہے کہ یہ بچوں کے علاوہ بڑی عمر کے لوگوں کے لیے بھی بے حد مفید ثابت ہوگی -

گزشتہ اشاعت میں ڈاکٹر صاحب موصوف کی ایک کتاب "بچوں کے لیے حدیث" پر تبصرہ ہو چکا ہے - یہ دونوں کتابیں ہر شخص کو خریدنی چاہییں اور ان سے استفادہ کرنا چاہیے -

کتابت، طباعت، کاغذ معیاری -

---

© rasailojaraid.com